## لاہور آرگنائزنگ کمیٹی نے جناب الطاف حسین کیطرف سے حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے مزار پر چادر پوشی اور فاتحہ خوانی کی
## چادر پوشی اور فاتحہ خوانی کے موقع پر ملک کی امن وسلامتی اور استحکام کے لیئے بھی خصوصی دعائیں کی گئیں

لاہور۔۔۔5،اکتوبر2009ء

لاہور آرگنائزنگ کمیٹی نے جناب الطاف حسین کیطرف سے حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے مزار پر چادر پوشی اور فاتحہ خوانی کی۔حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے مزار پر چادر پوشی اور فاتحہ خوانی کے لیئے رانا فرحت علی ایڈووکیٹ،مقصود اعوان ایڈووکیٹ،حسنات رفیق،کرنل (ر) آغا جہانگیر،سید منظور حسین فاطمی،ملک فاروق سمیت کارکنان و ہمدردوں کی کثیر تعداد نے مزار اقدس پر حاضری دی۔دریں اثناں اس موقع پر جناب الطاف حسین کی درازی عمر،بہتر صحت اور ملک کی امن وسلامتی واستحکام کے لیئے بھی خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## ایم کیوایم مظلوم دوست جماعت ہے،سردار یعقوب
## دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے،سید علی
## وزیراعظم آزاد کشمیر کے اعزاز میں ایم کیوایم کینیڈا کی جانب سے ناشتے کا اہتمام

ٹورنٹو (کینیڈا)۔۔۔5،اکتوبر2009ء

وزیراعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب نے کہا ہے کہ ایم کیوایم مظلوم دوست جماعت ہے جس نے مشکل وقت میں آزاد کشمیر کے مظلوم ومحکوم عوام کا ساتھ دیا اور ان کی مشکلات حل کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔سردار یعقوب نے جوان دنوں کینیڈا کے دورے پر ہیں ان خیالات کا اظہار پیر کی صبح ایم کیوایم کینیڈا کی جانب سے اپنے اعزاز میں پرتکلف ناشتے کے موقع پر خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کینیڈا کے نگران اعلیٰ سید علی،سینٹرل آرگنائزر شکیل اختر،معاون سینٹرل کمیٹی،ٹورنٹو یونٹ ایسٹ اور ویسٹ کے یونٹ انچارجز کے علاوہ کارکنان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔وزیراعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب نے کہا کہ ہم قائد تحریک الطاف حسین کے ممنون وشکر گزار ہیں کہ انہوں نے زلزلے کے مشکل موقع پر بے حد منظم انداز میں متاثرین کی مدد کی۔انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ الطاف حسین نے ہر مشکل وقت میں مثبت فیصلے کر کے قوم کو بڑے بحرانوں سے نکالنے میں حکومت پاکستان اور آزاد کشمیر کی معاونت کی ہے۔ایم کیوایم کینیڈا کے نگران اعلیٰ سید علی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا فکر و فلسفہ حق وسچ پر مبنی ہے اور دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے جس پر عمل کرتے ہوئے غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے ارکان آزاد کشمیر اسمبلی طاہر کھوکھر اور سلیم بٹ کشمیری عوام کی خدمت کررہے ہیں۔

## باشعور قومیں تمام تر مشکلات اور ظلم وجبر کے باوجود حوصلہ نہیں ہارتیں،کراچی مضافاتی کمیٹی

کراچی۔۔۔5،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر اور اراکین نے کہا ہے کہ باشعور قومیں تمام تر مشکلات ظلم وجبر اور کٹھن حالات کے باوجود حوصلہ نہیں ہارتیں،جس قوم میں قربانی کا جذبہ ہو وہ کبھی ناکام نہیں ہوتی،ایم کیوایم ایسی ہی قوموں کی نمائندہ جماعت ہے اور اس کی جدوجہد لازوال قربانیوں کی داستان ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بن قاسم اور گلشن حدید یونٹ میں منعقدہ کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں مختلف قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس سے کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین سید معین الدین اور سید ظہیر انور نے بھی خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک سے ناانصافی اور ظلم کے خاتمے کیلئے جس جدوجہد کا آغاز کیا تھا اور کراچی سے شروع ہونیوالا یہ سفراب آزاد کشمیر سے گلگت بلتستان تک پہنچ گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کے 98 فیصد مظلوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ پر عمل کرنے کیلئے کسی بھی قسم کی قربانی دینے کو ہمہ وقت تیار ہیں،ایم کیوایم کی مقبولیت اور کامیابی کے پیچھے شہداء کی لازوال قربانیاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج ایم کیوایم قومی جماعت بن کر ابھر رہی ہے اور انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب ملک سے جاگیرداروں،وڈیروں اور سرداروں کی حکمرانی ختم ہوگی اور غریب ومتوسط طبقے کے باشعور اور پڑھے لکھے افراد اقتدار سنبھال کر ناانصافیوں اور محرومیوں کا خاتمہ کردیں گے۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ ملک کے حالات پر گہری نظر رکھیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطابات کا بغور معالعہ کریں۔

## ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن اعجاز قادری کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔5 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی مرکزی شہداء واسیران کمیٹی کے رکن اور نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن اعجاز احمد قادری کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اعجاز احمد قادری مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگوارلواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## طاہر کھوکھر کے خسر کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔5 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آزادکشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر و وزیر سیاحت،اسپورٹس،کلچر وامورنوجواناں طاہر کھوکھر کے خسر سید حیدرشاہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے طاہر کھوکھر سمیت مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ٹیلی فون کرکے طاہر کھوکھر سے ان کے خسر کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت،ان کے بلند درجات اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی۔

## آزادکشمیر میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کے خسر سید حیدر شاہ انتقال کرگئے،نماز جنازہ کل صوابی میں ادا کی جائیگی
## قائمقام وزیر اعظم آزادکشمیر،وزیرزکوۃ اور پیپلزپارٹی کے رہنماء کی طاہر کھوکھر سے تعزیت

مظفرآباد۔۔۔5،اکتوبر 2009ء

آزادکشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر اور وزیر سیاحت،اسپورٹس،کلچر وامورنوجواناں طاہر کھوکھر کے خسر سید حیدرشاہ طویل علالت کے بعد پیر کے روز انتقال کرگئے،ان کی عمر 80 سال تھی اور وہ عرصہ دراز سے علیل تھے اور راولپنڈی کے اسپتال میں زیر علاج تھے،مرحوم کی نماز جنازہ منگل 6 اکتوبر کو ان کے آبائی گاؤں صوابی میں ادا کی جائیگی۔دریں اثناء آزادکشمیر کے قائمقام وزیر اعظم سردار قمرالزماں،وزیرزکوۃ عشر محمد حنیف اعوان اور پاکستان پیپلزپارٹی کے مرکزی رہنماء پرویز اشرف سمیت دیگر اہم رہنما اطلاع ملتے ہی اسلام آباد میں طاہر کھوکھر کی رہائشگاہ پہنچ گئے اور طاہر کھوکھر سے ان کے خسر سید حیدرشاہ کے انتقال پر افسوس اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت اور درجات کی بلندی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5،اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ C-133 کے کارکن اعجاز احمد قادری،ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یوسی 5 کے کارکن عارف کے والد محمد رمضان،ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ A-66 کے کارکن محمد عمران خان کی والدہ شہناز بیگم اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ A-118 کے کارکن محمد رفیق احمد کی والدہ محترمہ سکینہ خاتون کے انتقال پر دلی افسوس اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆